کے مطابق تقریباً 75 فیصد نوجوان 21 سال کی عمر تک پہنچنے سے پہلے شراب کے عادی ہو رہے ہیں۔ یہ خاص سروے ممبئی، پونے، دہلی، کولکتہ اور راجستھان میں ہوا جس میں 16 سے 20 سال کی عمر کے ہزاروں نوجوان شامل تھے۔ ایک اندازے کے مطابق 47 فیصد لوگ سگریٹ نوشی کرتے ہیں، جبکہ 20 فیصد نوجوان منشیات استعمال کرتے ہیں، ان عادی نوجوانوں میں سے 83 فیصد اس لت سے چھٹکارہ پانا نہیں جانتے، (یہ سروے سینٹ زیویرز کالج ممبئی نے کیا، اور نارکوٹک کنٹرول بیورو (NCB) نے پیش کیا)، یہ واقعی ایک سلگتا ہوا مسئلہ ہے، جس کا آج کا نوجوان سامنا کر رہا ہے۔ نوجوانوں کو اس سے نکالنے کے لیے مخلصانہ اور اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔ صالڈارٹی یوتھ موومنٹ، اس سلسلے میں مختلف ممکنہ کوششیں کر رہی ہے۔ اور ایک جامع بیداری پیدا کرنے کا منصوبہ رکھتی ہے تاکہ ایک صحت مند معاشرہ بنا سکیں۔ اور نوجوانوں کی خوبیوں کا صحیح رخ پر استعمال ہو سکے۔

## ہمہ جہت شخصیت کا ارتقاء

ایک صحتمند جسم میں ہی صحتمند دماغ فروغ پاتا ہے۔ اس طرح نوجوانوں کی تمام تر قابلیتیں جیسے جسمانی، ذہنی اور روحانی ارتقاء سے ہی ایک صحت مند معاشرہ تیار ہو سکتا ہے۔ ان تمام جہتوں پر محیط ایک صحت مند ماحول نوجوانوں میں پیدا ہونا چاہیے۔ یہ صرف اللہ تعالیٰ اور اس کے آخری نبی حضرت محمدؐ اور قیامت کے دن پر پختہ یقین اور ثابت قدم جدوجہد کے ذریعہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

## ماحولیات۔ ہماری ذمہ داریاں

اسی طرح، صالڈارٹی یوتھ موومنٹ کا ایک مقصد ماحولیاتی تحفظ اور پائیدار ترقی کے لیے کوشش بھی کرنا ہے، عمارت الارض کے تصور کے ذریعے اسلام سکھاتا ہے کہ زمین کی مناسب دیکھ بھال ہمارے مذہبی فریضے کا ایک حصہ ہے۔ اس سلسلے میں نوجوانوں کو آگے آنا چاہیے، اور ماحول میں جاری قدرتی وسائل کے بے جا استعمال اور استحصال کو روکنا چاہیے۔ آنے والی نسلوں کا ہم پر یہ حق ہے۔

## صالڈارٹی۔ آپ کو دعوت دیتی ہے

تمام نوجوان، جو عدل وانصاف، ہم آہنگی، امن، خود کو بااختیار بنانے اور اخلاقی طور پر صحیح اور سماجی طور پر ذمہ دار افراد پر مبنی معاشرے کی تعمیر کے لیے اس جدوجہد میں ہمارے ساتھ شامل ہو جائیں، وہ صالڈارٹی یوتھ موومنٹ، کرناٹک، کے ارکان بنیں۔

آیئے ہم اپنی ذمہ داریوں کو پہچان کر آگے بڑھیں۔

**ویژن** : معاشرے کی امن خوشحالی اور ترقی کے تعمیری حصول کے لئے صالح نوجوانوں کی ایک مستحکم تحریک تیار کرنا۔

**اغراض ومقاصد** :

1) نوجوانوں کو مکمل اسلامی خدوخال میں ڈھالنا۔
2) نوجوانوں کو آمادہ کرنا کہ وہ اپنے خالق کی فرمانبرداری کریں اور انسانیت کی خدمت انجام دیں۔
3) نوجوانوں کو اس بات پر آمادہ کرنا کہ وہ سماجی انصاف، شہری وانسانی حقوق کے لئے جدوجہد کریں۔
4) نوجوانوں میں علمی ثقافت کو فروغ دینا اور پروان چڑھانا۔
5) نوجوانوں میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور تکثیری اقدار کو پروان چڑھانا۔
6) نوجوانوں کو اس بات پر آمادہ کرنا کہ وہ اخلاقی اقدار کو پروان چڑھائیں اور انصاف کو قائم کرنے کے لئے جدوجہد کریں۔
7) معاش، روزگار، کاروبار، ہنر کی صلاحیت اور صحت کے بہترین طریقوں کے ذریعے نوجوانوں کو بااختیار بنانا۔
8) قدرتی ماحول اور پائیدار ترقی کے تحفظ کے عمل کو فروغ دینے کے لئے نوجوانوں کو تیار کرنا۔

# صالڈارٹی

## یوتھ موومنٹ، کرناٹک


نمبر ۲۵، شانتی سدن، سکینڈ مین،
فرسٹ بلاک، آر ٹی نگر، بنگلور۔ 560032
فون نمبر: 080 23534405, 25924059
ای میل: solidarityymkar@gmail.com
symkarnataka :

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## حقوق، انصاف اور اخلاقیات

آج، ہم دیکھ رہے ہیں کہ ہمارے معاشرے میں شہری اور انسانی حقوق کی شدید خلاف ورزی ہورہی ہے۔ترقی کے بھیس میں قدرتی وسائل کی کھلی لوٹ مار ہو رہی ہے۔ فرقہ واریت نوجوان ذہنوں کو زہر آلود کر رہی ہے اور معاشرے میں انتشار پیدا کر رہی ہے۔ ہمارے پاس سیاسی دھوکہ دہی کی بھی کوئی کمی نہیں ہے، جو نوجوانوں کی صلاحیتوں کو ان کے اپنے خودغرض اور حقیر مقاصد کے لیے استعمال کر رہی ہے۔ان سب کے علاوہ بدقسمتی سے بہت سے انسان اب بھی زندگی کے بنیادی اور اہم پہلو سے آگاہ نہیں ہیں، یعنی دنیاوی زندگی میں ان کے وجود کا مقصد اور آزادی کے صحیح تصور سے وہ واقف نہیں ہیں۔ جس کی وجہ سے بے حیائی اور غلط کام تیزی سے بڑھ رہے ہیں۔ اس منظر نامہ میں جہاں نا انصافی، عدم مساوات اور بدعنوانی عام ہے۔ بنی نوع انسان، خدا کی بالادستی اور اس کی بے شمار نعمتوں کو بھول گئے ہیں، ایسے میں نوجوان محض تماشائی بنے نہیں رہ سکتے۔ پرعزم، تخلیقی ذہن رکھنے والے اور عملاً کام کرنے والے نوجوان، آج وقت کی اہم ترین ضرورت ہیں۔ تاریخ کا مطالعہ ہمیں بتاتا ہے کہ نوجوان مثبت تبدیلی اور انقلابات کے نقیب رہے ہیں۔ وہ معاشرے میں انصاف اور اخوت کے محافظ تھے، وہ معاشرے میں تبدیلی کا محرک تھے، یہی وہ لوگ تھے جنہوں نے عوام کو جہالت سے نکال کر سچائی کے راستے پر قائم کیا۔ نوجوان سچ اور عدم تشدد کی بنیادوں پر معاشرے کی تشکیل کے قائل ہیں۔ ہمیں آج بھوک غربت، جہالت، عدم مساوات سے پاک معاشرہ بنانے اور بھائی چارے مساوات اور بقائے باہمی، جیسے انسانی اقدار کو فروغ دینے کی کوشش کرنے کی ضرورت ہے۔ الغرض، نوجوان امید کی ایک کرن ہیں، جو ان تمام مسائل کا پائیدار حل الٰہی ہدایات کی روشنی میں دینے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں صالڈارٹی یوتھ مومنٹ، کرناٹک، اپنے پلیٹ فارم کے ذریعے کرناٹک کے نوجوانوں کو منظّم کر کے آگے بڑھ رہی ہے۔

## نوجوانوں کی تقویت

ہندوستان میں آج 70 فیصد آبادی 40 سال سے کم عمر نوجوانوں کی ہے، جو ہمارے ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ نوجوانوں کی ہمہ گیر شخصیت کی نشوونما کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا جائے۔ لیکن بدقسمتی سے حکومت، GDP کا صرف 3 سے 4 فیصد تعلیم اور دیگر ذرائع سے انسانی وسائل کی ترقی پر خرچ کرتی ہے، UNICEF 2019 کی رپورٹ سے پتہ چلتا ہے کہ 47 فیصد نوجوان اپنی رسمی تعلیم مکمل کرنے کے بعد بھی روزگار کے لیے ضروری مہارت اور علم حاصل کرنے سے قاصر ہیں۔ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ ہمارے ملک میں نوجوانوں کی اکثریت معاشی طور پر مستحکم نہیں ہے، معاشی بدحالی کی اس موجودہ صورتحال میں بے روزگار نوجوانوں کی تعداد روز بروز بڑھ رہی ہے، لہٰذا صالڈارٹی یوتھ موومنٹ، کرناٹک، اسکل ڈیولپمنٹ، معاش کے مواقع اور انٹرپرینیرشپ کے شعبوں میں نوجوانوں کو ہمہ جہت طور پر بااختیار بنانے کے لیے مسلسل کوشاں ہے۔

## نوجوانوں کا متوازن ارتقاء

نوجوانوں کو مادہ پرستی اور سماج سے کنارہ کشی دونوں انتہاؤں سے گریز کرنا چاہیے، انہیں متوازن سوچ پیدا کرنے کی ضرورت ہے اور امید اور مثبت سوچ کو پھیلانے کے لیے کام کرنا چاہیے، اور اپنے اردگرد موجود مسائل کو حل کرنے کے لیے حسّاس ہونا چاہیے۔ صالڈارٹی یوتھ موومنٹ، نوجوانوں پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ایک ایسا ذمہ دار اور صحتمند معاشرہ بنانے کی کوشش کرتی ہے، جو معاشرے کے تمام خدشات اور مسائل کا فعّال جواب دے اور الٰہی ہدایات کی روشنی میں ان سے نمٹنے کی کوشش کرے۔ صالڈارٹی یوتھ موومنٹ اپنے پلیٹ فارم کے ذریعے نوجوانوں کو اپنی ہمہ جہت شخصیت کی نشوونما کے ذریعے دنیا اور آخرت میں کامیابی کے لیے کام کرنے کی ترغیب دے رہی ہے۔ مزید برآں یہ کہ صالڈارٹی نوجوانوں میں علم اور تنقیدی سوچ کو بھی فروغ دینے کی کوشش کر رہی ہے۔

## کثرت میں وحدت

ہندوستان کئی ریاستوں، مختلف زبانوں، مذاہب اور ثقافت رکھنے والا ملک ہے، یکسانیت و یک رنگی ہمارے ملک کے تنوع کے لیے خطرہ ہے۔ تنوع میں اتحاد، ہمارے ملک کی منفرد خصوصیات ہیں۔ ہر 10 کلومیٹر کے فاصلے پر ہمیں یہاں ایک مختلف ثقافت ملتی ہے، تکثیری سماج ہمارے ملک کی پہچان ہے۔ ہمارے ملک کے اس ہمہ گیر تنوع میں وحدت اور ہم آہنگی کا شعور ہماری شاندار روایت رہی ہے۔ تاہم یہ بھی ایک حقیقت ہے کی کچھ خودغرض مفادات رکھنے والے لوگ اب جارحانہ انداز میں اس کثرت میں وحدت کے تصور پر حملہ کر رہے ہیں۔ نوجوانوں میں تعصب، نفرت اور تشدد کے بیج بونے کے لیے منظّم کام کر رہے ہیں۔ اصل تاریخ کو مسخ کرنے کی بھی کوشش کی جارہی ہے، اور جھوٹ کو سچ کے لبادہ میں پیش کیا جارہا ہے۔ ظلم کے خلاف بولنا اب ایک جرم بن گیا ہے، اور حکومت پر سوال اٹھانا غداری قرار دیا جارہا ہے، ان سنگین حالات میں صالڈارٹی یوتھ موومنٹ، نوجوان ذہنوں کو ہمارے ملک کے عظیم تر مفاد میں انسانوں کی فلاح و بہبود کے لیے تیار کرنا چاہتی ہے۔ ہم آزادی، مساوات، یکجہتی اور سماجی انصاف کے اقدار کو فروغ دینا چاہتے ہیں۔

## بھلائیوں کا فروغ اور برائیوں کا خاتمہ

بے حیائی، شراب نوشی اور نشے کی لت ہمارے معاشرے میں عام ہوتی جارہی ہے، نوجوان خاص طور پر ان عادتوں کا شکار ہوتے جارہے ہیں۔ ایک سروے